# سیفٹی اسمارٹ بنیں

اگر لیتھیم بیٹری سے چلنے والی کوئی ڈیوائسز استعمال کر رہے ہیں تو:

- ایسی ڈیوائسز خریدیں اور استعمال کریں جو قابل جانچ لیبارٹری جیسے UL/ULC کے ذریعے درج شدہ ہیں۔
- ڈیوائسز کی چارجنگ اور اسٹوریج کے لیے مینوفیکچرر کی ہدایات پرعمل کریں۔
- صرف ان بیٹریز اور چارجنگ کورڈز کو استعمال کریں جو ڈیوائسز کے لیےمینوفیکچرر کے ذریعے ڈیزائن کیے گئے ہوں اور منظور شدہ ہوں۔
- اپنے تکیے کے نیچے یا اپنے بستر یا سوفے پر رکھ کر ڈیوائس کو چارج نہ کریں۔
- ڈیوائسز کو ضرورت سے زیادہ چارج کرنے سے گریز کریں؛ جیسے ہی ڈیوائس چارج ہو جاتا ہے اس کے پلگ کو چھٹا لیں۔
- بیٹریز کو براہ راست سورج کی روشنی میں یا گرم گاڑیوں کے اندر نہ رکھیں۔
- لیتھیم-آئن بیٹریز کو کسی بھی ایسی چیز سے دور رکھیں، جس کو آگ لگ سکتی ہو۔
- کسی ڈیوائس یا چارجر کو کچلنے, مروڑنے یا گرانے سے گریز کریں۔

**اگر آپ درج ذیل میں سےکچھ محسوس کرتے ہیں جیسے:** بدبو، رنگ میں تبدیلی، شکل میں تبدیلی، بہت زیادہ گرمی، بیٹری کا لیک ہکرنا یا اس سے آوازنکلنا، تو**بیٹری کو استعمال کرنا بند کر دیں۔**

اپنے گھر سے بچ نکلنے کے منصوبے کو فالو کریں اور جب آپ محفوظ طریقے سے باہر آ جائیں تو، 9-1-1 پر کال کریں۔

# لیتھیم آئن بیٹریز

لیتھیم-آئن بیٹریز اسمارٹ فون، لیپ ٹاپس، ای-اسکوٹرز، ای-بائکس اور ای-کھلونے سمیت کئی قسم کی ڈیوائسز کو توانائی دینے کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔

لیتھیم-آئن بیٹریز تھوڑی سی جگہ میں بڑی مقدار میں توانائی ذخیرہ کرتی ہیں۔، اگر مناسب طریقے سے استعمال نہیں کی گئی ہوں، تو وہ آگ سے حفاظت کے خلاف ممکنہ خطرات پیدا کر سکتی ہیں۔

غلط چارجنگ اور مادی طور پر غلط استعمال کے کچھ بنیادی عوامل ہیں جو ان بیٹریز کے پھٹنے اورتیزی سے آگ لگنے کا سبب بن سکتے ہیں۔

مزید جانیے: **toronto.ca/lithiumbattery**پر



**لیتھیم-آئن بیٹریز کو غلط طریقے سے ضائع کرنے کے نتیجے میں فضلہ جمع کرنے والے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔** اپنی ای-بائک کی بیٹریز کو کسی سٹی ڈراپ-باکس ڈپو پر خارج کریں۔



**ایک ترمیم شدہ لیتھیم-آئن بیٹری آپ کی زندگی کو ختم کر سکتی ہے۔** اپنی ای-بائک بیٹری کے ساتھ چھیڑ چھاڑ نہ کریں۔



**لیتیم-آئن بیٹری کو زیادہ چارج کرنا آپ کے خاندان کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔** چارج کرتے وقت اپنی ای-بائک بیٹری کو ہمیشہ نظر میں رکھیں۔



**غیر تصدیق شدہ لیتیم-آئن بیٹری آپ کے پڑوسیوں کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔** اپنی ای-بائک میں صرف مینوفیکچرر کی تجویز کردہ بیٹریز استعمال کریں۔



# یہ آپ کے لیے انتباہ ہے!

## لیتھیم-آئن بیٹریز کو محفوظ طریقے سے استعمال کرنا۔

FIRE SERVICES TORONTO

**toronto.ca/firesafety**

TORONTO

# فائر سیفٹی آپ سے شروع ہوتی ہے

## روکیں

لیتھیم-آئن بیٹریز کو محفوظ طریقے سے استعمال کرکے اپنے گھر کو آگ لگنے سے روکیں۔

## پتہ لگائیں


یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس ہر سطح پر اورتمام سونے کی جگہوں کے باہرفعال اسموک الارم موجود ہے۔ حسب ضرورت تمام سونے کی جگہوں کے باہر کاربن مونو آکسائیڈ کا الارم رکھیں۔ اپنے الارم کی باقاعدگی سے جانچ کریں۔

## بچ نکلیں

اپنے گھر کے لیے آگ سے بچنے کے منصوبے کو تیار کریں اور اس کی مشق کریں۔ جانیں کہ اگر انخلاء ضروری ہو تو کیا کرنا ہے اور کہاں جانا ہے۔

مزید جانیں: **toronto.ca/hhw** پر

**LEARN THE RULES FOR ALL**
**RIDEABLES**



**toronto.ca/Rideables**

# بلند و بالا عمارتوں میں لیتھیم-آئن بیٹریز

## اپنے گھر کی حفاظت کریں۔ اپنے پڑوسیوں کی حفاظت کریں۔

لیتھیم-آئن بیٹریز ہر جگہ ہوتی ہیں- فون، لیپ ٹاپس، ای-بائکس، اسکوٹرز وغیرہ میں۔ وہ مفید ہیں لیکن اگر انہیں محفوظ طریقے سے استعمال نہ کیا جائے توان کو آگ لگ سکتی ہے۔

## سواری کے لائق چیزوں (رائڈیبلز) سے متعلق حفاظت:

- ای-بائکس یا دیگر لیتھیم-آئن ڈیوائسز کو دالانوں، سیڑھیوں یا مشترکہ جگہوں پر کبھی چارج نہ کریں۔
- یونٹ کے داخلی دروازے کے قریب اشیاء کو کبھی چارج نہ کریں۔
- صرف مینوفیکچررز سے منظور شدہ بیٹریز استعمال کریں۔
- ای-بائکس جیسے سواری کے سامان کی چارج کرنے کی پالیسیز کے بارے میں بلڈنگ مینجمنٹ سے پتہ کریں۔

## اگر آپ کے یونٹ کے اندر کسی بیٹری میں آگ لگ جاتی ہے تو:

1. فوراً انخلاء کریں۔
2. اگر ایسا کرنا محفوظ ہو تو، آگ کو قابو میں لانے کے لیے اپنے پیچھے کے دروازے بند کر دیں۔
3. اپنی منزل پرسیڑھی کے ساتھ والے ریڈ فائر الارم پل اسٹیشن کو کھینچیں اور "آگ" کہہ کر للکاریں۔
4. قریب ترین باہرنکلنے کی سیڑھی کا استعمال کرتے ہوئے عمارت سے نکلیں۔ لفٹ کا استعمال نہ کریں۔

ہائی رائز فائر سیفٹی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے:

- اپنی بلڈنگ مینجمنٹ سے پوچھیں۔
- 311 سے رابطہ کرکے ٹورنٹو فائر سروس سے جڑیں۔
- toronto.ca/HighRiseFire **پر جائیں**۔

# بیٹری کو محفوظ طریقے سے ضائع کرنا

لیتھیم-آئن بیٹریز گھریلو خطرناک فضلہ ہیں **اور انہیں کبھی بھی کوڑے دان، بلیو بن (ری سائکلنگ) یا گرین بن (آرگینکس) میں نہیں** ڈالنا چاہیے. لیتھیم-آئن بیٹریز کو محفوظ طریقے سے ضائع کرنے کے لیے سٹی کے ڈراپ-آف ڈپوز یا کسی کمیونٹی انوائرنمنٹ ڈے پر لائیں۔

اگر آپ کے پاس 10 سے 50 لیٹرز فی کیلوگرامز گھریلو مضر فضلہ ہے تو، آپ شہر سے مفت ٹاکسک ٹیکسی پک اپ کروانے کا انتظام بھی کر سکتے ہیں۔

بیٹریز کا غلط ذخیرہ اور ضائع کرنا آگ کا سبب بن سکتا ہے۔ بیٹریز کو شفاف پلاسٹک کے بیگ میں رکھیں یا شفاف پیکنگ ٹیپ، ڈکٹ ٹیپ یا برقی ٹیپ کے ساتھ ٹرمینلز کو سیل کریں۔ بیٹریز کو ٹھنڈی، خشک جگہ پر ذخیرہ کریں اور انہیں جلد از جلد محفوظ طریقے سے ضائع کرنے کے لیے پہنچا دیں۔ جو بیٹریز خراب ہو گئی ہیں، ان کو فوری طور پر محفوظ طریقے سے ضائع کرنے کے لیے ڈراپ آف کی جگہ پر پہنچا دینا چاہیے۔